سیدہ عروب شاہ کی عمدہ باؤلنگ نےپی سی بی چیلنجرزکو نیشنل چیمپئن شپ کے فائنل میں پہنچادیا

- لیگ اسپنر نے 41 رنز کے عوض 6 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا
- کپتان بسمعہ معروف کی ناقابل شکست نصف سنچری

لاہور، 24 ستمبر 2019ء:

قومی ٹرائنگولر ایک روزہ خواتین چیمپئن شپ کے آخری لیگ میچ میں پی سی بی چیلنجرز نے پی سی بی ڈائنامائٹس کو 6 وکٹوں سے شکست دے کر فائنل میچ کے لیے کوالیفائی کرلیا ہے۔ لاہور جمخانہ کلب گراؤنڈ میں کھیلے جانے والے میچ میں فاتح ٹیم نے 132 رنز کا ہدف 29ویں اوورمیں حاصل کرلیا۔

اس سے قبل پی سی بی چیلنجرز کی کپتان بسمعہ معروف نے ٹاس جیت کر پہلے فیلڈنگ کا فیصلہ کیا ۔پی سی بی ڈائنامائٹس کی جانب سے ناہیدہ خان اور منیبہ علی نےٹیم کوبہترآغاز فراہم کیاتاہم مڈل آرڈر بیٹرز خاطر خواہ کارکردگی کا مظاہرہ نہ کرسکیں۔ 41 رنز کی اوپننگ شراکت کے باوجود پی سی بی ڈائنامائٹس کی پوری ٹیم 131 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔ ثناء میر اور ندا ڈار سمیت 6 خواتین کرکٹرز ڈبل فگر میں داخل نہ ہوسکیں۔پی سی بی چیلنجرز کی جانب سے سیدہ عروب شاہ نے 41 رنز کے عوض 6 کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دکھائی۔سعدیہ اقبال، ڈیانا بیگ، فاطمہ ثناء اور صباء نذیر نے 1،1 وکٹ حاصل کی۔

جواب میں پی سی بی چیلنجرزنے مطلوبہ ہدف 28.5 اوور میں 4وکٹوں کے نقصان پرحاصل کرلیا۔ 132 رنز کے تعاقب میں فاتح ٹیم کا آغاز بھی کچھ زیادہ اچھا نہ تھا۔دونوں اوپنرز 32کے مجموعی اسکور پر پویلین واپس لوٹ گئیں۔ پہلی وکٹ4، دوسری 32 اور تیسری 37 رنز پر گرنے کے بعد کپتان بسمعہ معروف نے ذمہ دارانہ کھیل کا مظاہرہ کیا۔ بسمعہ معروف نے سدرہ نواز کےساتھ 46 اور ارم جاوید کے ہمراہ 49 رنز کی شراکت

قائم کی۔ بسمعہ معروف کے 55 اور ارم جاوید کے 31 رنز کی بدولت پی سی بی چیلنجرز نے مطلوبہ ہدف 4 وکٹوں کے نقصان پر حاصل کرلیا۔ دونوں کرکٹرز ناٹ آؤٹ رہیں۔پی سی بی ڈائنامائٹس کی جانب سے کائنات امتیاز نے 2 جبکہ ماہم طارق اور انعم امین نے 1،1 کھلاڑی کو آؤٹ کیا۔

میچ میں شاندارباؤلنگ کا مظاہرہ کرنے پرسید ہ عروب شاہ کو پلیئر آف دی میچ کا انعام دیا گیا۔

ایونٹ کافائنل میچ 26 ستمبر کو پی سی بی بلاسٹرز اور پی سی بی چیلنجرز کے درمیان کھیلا جائے گا۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan. Its goal is to work in partnership with its stakeholders to promote, develop and grow the game throughout the country.

The PCB's purpose is to maintain and enhance the reputation and integrity of the game, fostering excellence and upholding the spirit of the game. The PCB selects junior and senior national men's and women's cricket teams to represent the country on the global stage, runs high performance cricket centres across the country and plans and organises domestic competitions and international bi-lateral series.

The PCB is committed to developing ground and facility infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.

Commercial Partners

www.pcb.com.pk
@therealpcb
@PakistanCricketBoard
@PakistanCricketOfficial
@therealpcb

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4